Pakistan Tehreek-e-Insaf
Central Media Department

# ریٹائرڈ ججوں کی بطور ٹربیونلز تعیناتیوں کے جواز کے قانون کی صدرِ مملکت کی جانب سے توثیق کا معاملہ

پاکستان تحریک انصاف نے مینڈیٹ چور نون لیگ اور ان کی کلیدی شراکت دار پیپلز پارٹی کو قوم، سیاست اور تاریخ کے مجرم قرار دے دیا۔ جمہوریت کی تباہی کا پورا منصوبہ جمہوریت کی غدّار جماعتوں کی معاونت سے پایۂ تکمیل تک پہنچایا جا رہا ہے، ریٹائرڈ ججوں کی تعیناتیوں کا معاملہ جمہور کو جمہوریت و انتخاب سے کلیتاً مائنس کرنے کے مکروہ منصوبے کا حتمی فیز ہے، کرپٹ، بے ایمان، حریص اور بے ضمیر جماعتوں نے آئین، قانون اور جمہوریت کی اجتماعی قبر کھودنے کے ہر مرحلے پر مارشل لائی گورکنوں کا پورا پورا ساتھ دیا، 2 سال کی وحشت و حیوانیت سے عمران خان اور ان کی جماعت سیاست سے مائنس نہ ہونے پر عوام کو پورے انتخابی عمل سے منفی کرنے کا منصوبہ بنایا گیا، عمران خان کی گرفتاری اور 9 مئی کا فالس فلیگ آپریشن عوام کو منفی کرنے کے منصوبے کا پہلا مرحلہ تھا، بلے کا نشان چھیننا، کمپرومائزڈ انتظامی افسروں کو انتخاب کروانے کا ذمہ سونپنا اور تحریک انصاف کے امیدواروں پر انتخاب میں حصہ لینے کے تمام راستے بند کرنا دوسرا مرحلہ تھا، انٹرنیٹ بند کرکے اور میڈیا کو جکڑ کر پولنگ کروانا اور نتائج میں تاریخ کا بدترین ردوبدل کرتے ہوئے فارم 47 کا ذلّت آمیز چھاپہ خانہ لگانا تیسرا مرحلہ تھا، عدالتیں اور الیکشن کمیشن اس ڈاکہ زنی کے پورے سلسلے کے پاسبان اور نون لیگ پیپلز پارٹی اور ایم کیو ایم ریاستی ڈاکوؤں کے سیاسی آلہ کار ہیں، کمشنر راولپنڈی لیاقت چٹھہ نے قاضی اور سکندر راجہ کی کرامات کو عیاں کیا تو ان دونوں کے سرپرستوں نے آئین و قانون پامال کرکے اس کی زباں بندی کروائی، ریٹائرڈ ججوں کی بطور ٹربیونلز تعیناتیوں کا قانون عدلیہ کو مجرم الیکشن کمیشن کے تابع کرنے کا ریاستی نسخہ ہے، دستور میں فراہم کردہ طاقت کے توازن اور اختیارات کی تثلیث میں سنگین بگاڑ کے ساتھ ٹربیونلز کی آزاد حیثیت کو خاک میں ملانے کا مقصد مریم اور شہباز نامی ننگِ ملت و کردار ٹاؤٹوں کی مطلق، غیر نمائندہ اور غیر منتخب حکومتوں کو مقتدرہ کی پناہ فراہم کرنا ہے، سندھ کا ڈاکو اور جاتی امراء کا قزاق جمہور کو جمہوریت سے بے دخل کرنے جیسے سنگین ترین جرم کے ارتکاب اور تلوے چاٹ کر جنگل راج کی آشیر باد پانے کیلئے ایک دوسرے کو پچھاڑ رہے ہیں، تحریک انصاف چوروں اور چوکیداروں کے گٹھ جوڑ سے پھیلنے والے گند کو عوامی قوت سے ٹھکانے لگائے گی اور نظام کو مجرموں کی آلائشوں سے پاک کرے گی،

ترجمان تحریک انصاف، منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ